Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | جمعۃ المبارک، 19 ستمبر 2025ء، 25 ربیع الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 170

میو ہسپتال میں کینسر کے علاج کے لئے پہلے سرکاری کوابلیشن سینٹر کا افتتاح

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کوابلیشن سنٹر کا افتتاح کیا، سرجیکل وارڈ میں پہلی کوابلیشن مشین کا معائنہ، مزید کوابلیشن مشینیں منگوانے کا حکم، کوابلیشن کے لئے ڈاکٹرز اور سٹاف کا پول قائم کرنے کی ہدایت

کوابلیشن مشین پر کینسر سیل کو لیکیوڈ نائٹروجن کے ذریعے منفی 198 ڈگری تک فریز کر کے ڈیڈ دوسرے مرحلے میں ڈگری تک ہیٹ اپ کے ختم کیا جاتا ہے، ڈاکٹر شہزاد کریم کی وزیراعلیٰ پنجاب کو بریفنگ

لاہور (این این آئی) کینسر کے علاج کے لئے نئی تاریخ رقم، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے دورہ چین کے شاندار ثمرات سامنے آنے لگے۔ پنجاب ساتھ انیشین ریگن میں کینسر ٹریٹمنٹ میں سبقت لے گیا، موجودہ پنجاب ساتھ ایشیا کے کینسر کے علاج کیلئے کوابلیشن تھراپی کرانے والا پہلا صوبہ بن گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے میو ہسپتال میں پاکستان کے پہلے سرکاری کوابلیشن سنٹر (بقیہ نمبر 8)

پنجاب حکومت نے متعدد اعلیٰ افسران کے تقرر و تبادلے کر دیئے

عبدالرف، آصف رؤف خان کی خدمات بورڈ آف ریونیو پنجاب کے سپرد

ڈپٹی سیکرٹری محکمہ داخلہ تسنیم علی تبدیل، ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب تعینات کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے متعدد اعلیٰ افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ عبدالرف اور آصف رؤف خان کی خدمات بورڈ آف ریونیو پنجاب کے سپرد، ڈپٹی سیکرٹری محکمہ داخلہ تسنیم علی کو تبدیل کر کے ڈائریکٹر سول ڈیفنس (بقیہ نمبر 9)

ملتان سیلاب سے 36 انچ کی گیس پائپ لائن متاثر

جمال پور میں اہم 5 موڑوں پر پانچویں روز بھی بند، پانی کا بہاؤ تیز ہونے سے مرمت کے کام میں مشکلات درپیش

ملتان (این این آئی) ملتان میں سیلاب کے باعث 36 انچ کی گیس پائپ لائن متاثر، 5 موڑوں پر پانچویں روز بھی جمال پور میں گیس پائپ لائن متاثر ہو گئی جبکہ دریائے چناب اور گنج کے ریلوں کے مقام پر بند ہے۔ پانی کا بہاؤ تیز ہونے سے متاثرہ اہم 5 موڑوں پر پانچویں روز بھی جمال پور میں گیس پائپ لائن متاثر ہو گئی جبکہ دریائے چناب اور گنج کے والا کے مقام پر بند ہے۔ پانی کا بہاؤ (بقیہ نمبر 2)

9 مئی مقدمات: پی ٹی آئی کے 14 رہنماؤں کے اشتہار جاری

اشتہار انسداد دہشتگردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے جاری کیے، 18 اکتوبر کو رپورٹ طلب

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی مقدمات میں پی ٹی آئی کے 14 رہنماؤں کے اشتہار جاری کر دیئے۔ ملزمان کے اشتہار انسداد دہشتگردی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے (بقیہ نمبر 1)

پراپرٹی ٹیکس چوروں اور سہولت کاروں کے گرد گھیرا تنگ

پراپرٹی ٹیکس چوری کرنے والوں سے بقایاجات جرمانوں سمیت وصول کیے جائیں گے، ڈی جی ایکسائز

لاہور (این این آئی) پراپرٹی ٹیکس چوروں اور سہولت کاروں کے گرد گھیرا تنگ کر دیا گیا۔ پراپرٹی ٹیکس چوری کرنے والوں سے بقایاجات جرمانوں سمیت وصول کیے جائیں گے جبکہ اس میں ملوث افسران کے (بقیہ نمبر 10)

سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کی بصیرت اور ویژن نے مسلم دنیا کو نئی راہیں دکھائیں، وزیراعظم شہباز شریف

وزیراعظم کا ولی عہد سے اظہار تشکر

دعائے پاک سعودیہ دوستی نئی بلندیوں کو چھوئے

ولی عہد محمد بن سلمان کی طرف سے سرکاری دورے پر دل کی گہرائیوں کو چھونے والے استقبال سے بہت متاثر ہوا، مسلم امہ کی قیادت کے حوالے سے سعودی ولی عہد کے ویژن کو سراہتا ہوں

سعودی ولی عہد سے ملنے کو درپیش چیلنجز اور باہمی تعاون پر گفتگو ہوئی، دونوں ممالک کی دوستی مزید فروغ پائے گی، مسلم امہ کی قیادت کے حوالے سے سعودی ولی عہد کے ویژن کو سراہتا ہوں، شہباز شریف

اسلام آباد (این ای این) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ میں اپنے عزیز بھائی شہزادہ محمد بن سلمان، ولی عہد اور سعودی عرب کے وزیر اعظم کی جانب سے پرجوش اور والہانہ استقبال پر بہت متاثر ہوا ہوں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے ایک بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب کی جانب سے پرجوش اور والہانہ استقبال پر بہت متاثر ہوا ہوں۔ سعودی ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کے تاریخی استقبال نے دل جیت لیے۔ سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کی بصیرت اور ویژن نے مسلم دنیا کو نئی راہیں دکھائیں، دعا ہے پاکستان اور سعودی عرب کی دوستی کی بلندیوں کو چھوئے انہوں نے کہا کہ سعودی فضائی حدود میں شاندار استقبال پر ولی عہد محمد (بقیہ نمبر 3)

(ن) لیگ نے صوبائیت اور ڈیم کارڈ کبھی نہیں کھیلا، اعظمی بخاری

جس ٹیم کو ناتجربہ کار کہا گیا، اس نے ڈیڑھ سال میں پنجاب کے 80 منصوبے مکمل کئے

نام نہاد تجربہ کاروں نے 17 سال میں کراچی اور سندھ کو تباہی کے سوا کچھ نہ دیا

بیرونی امداد کے باوجود سندھ آج بھی پچھلے سیلاب کی تباہی کے زخم سہہ رہا ہے، صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب اعظمی بخاری نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) نے کبھی صوبائیت، نہروں یا ڈیم کا کارڈ نہیں کھیلا، مسلم لیگ (ن) ایک حقیقی قومی جماعت ہے جو ہمیشہ قومی سوچ اور قومی ترقی کو ترجیح دیتی آئی ہے۔ اعظمی بخاری نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے منصوبے ڈیم اور میٹرو پارٹی والے ناتجربہ کار قرار دے رہے ہیں، اس ٹیم نے صرف ڈیڑھ سال کے اندر پنجاب میں 80 منصوبوں کے ذریعے ترقی کا انقلاب برپا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد "تجربہ کاروں" نے گزشتہ 17 سالوں میں کراچی اور سندھ کو جس (بقیہ نمبر 1)

بی آئی ایس پی کے مستحقین کو رقوم کی تقسیم کے جدید نظام کی تیاری

بی آئی ایس پی جدید اور شفاف ادائیگی کے نظام کو اپنانے کے لیے پرعزم ہے، جو مستحقین کو بروقت، سہل اور باعزت سہولت فراہم کرے گا

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد اور سیکرٹری بی آئی ایس پی عامر علی احمد نے اہم اجلاس کی صدارت کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام مستحقین کیلئے محفوظ، شفاف اور آسان ادائیگی کے نظام کو یقینی بنانے کیلئے پرعزم، چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد اور سیکرٹری بی آئی ایس پی عامر علی احمد نے آج بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں ایک اہم اجلاس کی صدارت کی، جس میں مستحقین کیلئے نقد رقوم کی تقسیم کے جدید نظام کی تیاری کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس اقدام کا مقصد ملک بھر کے لاکھوں مستحقین کیلئے مالی امداد کی تقسیم کو محفوظ، شفاف اور آسان بنانا ہے۔ اجلاس میں چیئرمین کمرشل آفیسرز ایسوسی ایشن لمک محمد منیر خان، کامران احمد نیم (بقیہ نمبر 2)

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد اور سیکرٹری بی آئی ایس پی عامر علی احمد نے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کو سچے میڈیا کی پہلے سے کہیں زیادہ ضرورت ہے، رانا مشہود

چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام (PMYP) رانا مشہود احمد خاں نے نیشنل پریس کلب میں سے تزئین شدہ سپورٹس روم کا افتتاح کیا

نیشنل پریس کلب کے نائب صدر نے بھی رانا مشہود احمد خاں کی وزیراعظم یوتھ پروگرام میں مسلسل کوششوں کی تعریف کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام (PMYP) رانا مشہود احمد خاں نے نیشنل پریس کلب میں سے تزئین شدہ سپورٹس روم کا افتتاح کیا۔ تقریب کا آغاز سیکرٹری پریس کلب نیرمالی کے پرتپاک خیرمقدم سے ہوا، جنہوں نے چیئرمین یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد کا سے تزئین شدہ سپورٹس روم کے لیے کردار ادا کرنے پر شکریہ ادا کیا، جو کھلاڑیوں اور میڈیا پیشہ ور افراد کے لیے ایک جدید سہولت فراہم کرتا ہے۔ نیشنل پریس کلب کے نائب صدر نے بھی رانا مشہود احمد خاں کی وزیراعظم یوتھ پروگرام میں مسلسل (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد پولیس اپنے افسران اور شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے پرعزم

آئی جی اسلام آباد کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے افسران کو ہدایات جاری

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سیفی ناصر رضوی کے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے افسران کو ہدایات جاری (بقیہ نمبر 8)

بہترین کارکردگی پر پولیس افسران کو تعریفی اسناد سے نوازا گیا

ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے فرائض منصبی کی ادائیگی میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پولیس افسران کو نقد انعامات (بقیہ نمبر 9)

سید زادہ فاؤنڈیشن کی جانب سے فلاحی کلینک اینڈ لیبارٹری کا افتتاح

افتتاح چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد نے کیا، ضرورتمند خاتونوں کو طبی سہولیات تک رسائی آسان ہوگی

سینیٹر روبینہ خالد نے فلاحی کلینک اور لیب کے قیام پر سید زادہ فاؤنڈیشن کے سربراہ سید زاہد حسین شاہ کو خراج تحسین پیش کیا

چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد، سید زادہ فاؤنڈیشن کی جانب سے فلاحی کلینک اینڈ لیبارٹری کا افتتاح کر رہی ہیں

پشاور، اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سید زادہ فاؤنڈیشن کی جانب سے فلاحی کلینک اینڈ لیبارٹری کا افتتاح فلاحی کلینک سے ضرورتمند خاتونوں کو طبی سہولیات تک رسائی آسان ہوئی، روبینہ خالد پیپلز پارٹی کی رہنما اور چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے فلاح انسانیت کے حوالے سے معروف سید زادہ فاؤنڈیشن کی جانب سے پشاور کے علاقے جو گیوڑہ میں فلاحی کلینک اور لیبارٹری کا افتتاح کیا، اس موقع پر سید زادہ فاؤنڈیشن کے سربراہ سید زاہد حسین (بقیہ نمبر 3)

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدوں کا خیر مقدم

سعودی عرب کے ساتھ باہمی دفاعی معاہدہ پاکستان کی ناقابل تسخیر دفاعی صلاحیتوں پر سعودی عرب کا بھرپور اعتماد کا مظہر ہے

پاکستان اور سعودی عرب عالم اسلام اور دنیا میں امن کیلئے ایک متحد قوت کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کا ہمیشہ قائم و دائم رہے گا

پاکستان کی حکومت اور عوام، خادم الحرمین الشریفین کو نہایت عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، ایئرکموڈور اسمٰعیل سردار ایاز صادق

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ایئرکموڈور اسمٰعیل سردار ایاز صادق نے پاکستان اور سعودی عرب کے مابین اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے کے دستخطوں کا خیر مقدم کیا ہے۔ ایئرکموڈور اسمٰعیل سردار ایاز صادق نے کہا کہ یہ تاریخی دفاعی معاہدہ دونوں برادر ممالک کے (بقیہ نمبر 7)

وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی اور پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات پنجاب شازیہ رضوان کی راولپنڈی بورڈ میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء و طالبات کے ہمراہ تقریب میں شرکت

پنجاب اور کشمیر میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان

ملک کے دیگر علاقوں میں موسم خشک اور گرم رہنے کا امکان ہے، محکمہ موسمیات

اسلام آباد (اے پی پی): آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بالائی خیبرپختونخوا، اسلام آباد، بالائی پنجاب اور کشمیر میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے، اس دوران چند مقامات پر تیز ہوائیں/ژالہ باری بھی ہو سکتی ہے، ملک کے دیگر علاقوں (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد، ڈکیتی و چوری میں ملوث گروہ کے 13 ارکان گرفتار

چھینی گئی نقدی، طلائی زیورات، موبائل فون، موٹر سائیکل، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اقدام قتل کا لوٹی پولیس نے ڈکیتی و چوری میں ملوث 4 جرائم پیشہ گروہ کے 13 ارکان کو گرفتار کر کے چھینی گئی نقدی، طلائی زیورات، موبائل فون، موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ (بقیہ نمبر 5)

اروپنگی: صدر آصف علی زرداری اروپنگی میں اربن آپریشنز ایجنسٹ سینٹر کا دورہ کر رہے ہیں، ہنر کے ہمراہ سکھا نگ کے نائب گورنر کے ہمراہ

چوہڑ چوک سے نکالے جانیوالے جلوسوں بارے ٹریفک انتظامات مکمل

ٹریفک پولیس کے 170 سے زائد افسران و جوان تعینات رہے گے

راولپنڈی (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر نے (آج) جمعۃ المبارک چوہڑ چوک سے نکالے جانیوالے جلوسوں کے حوالے سے ٹریفک پولیس کے ڈپٹی آفیسر ٹریفک ہیڈ کوارٹر انتظامات مکمل (بقیہ نمبر 6)

سی ٹی او راولپنڈی نے موٹر سائیکلسٹ کو ہیلمٹ تقسیم کیے

ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی فراہم کرنے کیلئے پشاور روڈ پر آگاہی کیمپ کا انعقاد

راولپنڈی (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب کے احکامات اور سی ٹی او راولپنڈی کی ہدایات پر روڈ ریزرز کوئیک قوانین سے متعلق آگاہی فراہم کرنے (بقیہ نمبر 7)

ایٹمی ٹیکنالوجی کے پرامن استعمال کے عنوان پر اجلاس

کیس ایک خودمختار تھنک ٹینک ہے جو قومی سلامتی کے وسیع تر تناظر میں علمی و تحقیقی نشستوں کا اہتمام کرتا ہے

ایٹمی توانائی کی مزاحمت اس کے خطرات کے باعث نہیں بلکہ رابطے کے دریغ خلا کی وجہ سے سامنے آتی ہے، ڈاکٹر انصر پرویز

ایٹمی سائنس کو انسانی ترقی کے ایک ذریعہ کے طور پر تسلیم کرنا چاہیے، ایئر مارشل (ر) عاصم سلیمان کے اختتامی کلمات

چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد، سید زادہ فاؤنڈیشن کی جانب سے فلاحی کلینک اینڈ لیبارٹری کا افتتاح کر رہی ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (کیس)، لاہور نے "ایٹمی ٹیکنالوجی کے پُرامن استعمالات" کے عنوان سے ایک گول میز اجلاس کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر بڑی تعداد میں ماہرین، اساتذہ و طلباء و دانشور شریک ہوئے۔ کیس ایک خودمختار تھنک ٹینک ہے جو قومی سلامتی کے وسیع تر تناظر میں علمی و تحقیقی نشستوں کا اہتمام کرتا ہے۔ مقرر خصوصی ڈاکٹر انصر پرویز، چیئرمین کمیشن اٹامک انرجی، نے اپنے خطاب میں کہا کہ ایٹمی توانائی کی مزاحمت اس کے خطرات کے باعث نہیں بلکہ رابطے کے دریغ خلا کی وجہ سے سامنے آتی ہے۔ انہوں نے اس غلط تاثر کی نفی کی کہ ایٹمی ٹیکنالوجی ناقابل قابو (بقیہ نمبر 4)

پاک سعودی عرب دفاعی معاہدہ پر جمعہ کو یوم تشکر و یوم دعا منایا جائے، طاہر محمود اشرفی

تعلقات مزید مضبوط اور مستحکم، پاکستان اور سعودی عرب کی قیادت کا فیصلہ دنیا میں امن چاہنے والوں کیلئے نوید صبح ہے

دفاعی معاہدے کے بعد اہل فلسطین، کشمیر کی منزل بھی آسان ہوگئی، حافظ طاہر محمود اشرفی، پشپ آزاد مارشل کی پریس کانفرنس

لاہور: چیئرمین پاکستان علماء کونسل کو رابطہ قومی پیغام امن کمیٹی حافظ محمد طاہر محمود اشرفی اور صدر چرچ آف پاکستان پشپ آزاد مارشل پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لاہور (اے پی پی): چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کا دورہ سعودی عرب انتہائی کامیاب رہا، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدے پر پنگل جمعہ کو یوم تشکر و یوم دعا منایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو یہاں کنٹونمنٹ چرچ میں پشپ آزاد مارشل و دیگر اقلیتی رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس میں کیا۔ حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے دورہ سعودی عرب سے پاکستان کو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حرمین شریفین (بقیہ نمبر 5)

عوامی للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkar راولپنڈی
قوام کی آواز، سچ کے ساتھ للکار
ISSN 2707-1057
ادارہ حق، سچ اور انسانیت

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ریلیف کا سلسلہ تخمینے سے مشروط مت کیا جائے

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے متعلقہ اداروں کو سیلاب اور بارش زدہ علاقوں میں جانی و مالی نقصانات، فصلوں، ذرائع مواصلات اور لائیو سٹاک کو ہونے والے نقصانات کا جامع اور حقیقت پسندانہ تخمینہ لگانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس مکمل تخمینے کے بعد ہی حکومت بحالی کے کاموں کی جامع حکمت عملی مرتب کرے گی تاکہ عوام کو کم وقت میں بھرپور ریلیف دیا جائے۔ سیلاب سے ملک بھر میں نقصانات کے ازالے کے لیے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ سیلاب زدہ علاقوں میں موزوں فصلوں کی کاشت کے لیے بھی خصوصی اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس میں وزیراعظم کو چیئرمین این ڈی ایم اے سمیت دیگر متعلقہ اداروں کی طرف سے سیلابی صورتحال میں اب تک کیے جانے والے تعمیر و بحالی کے کاموں پر بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ گنے، کپاس اور چاول کی فصلوں کے نقصانات کے تخمینے پر کام کا آغاز کر دیا گیا ہے اور آئندہ دس سے پندرہ دنوں میں پانی کی مقدار کم ہونے پر اس پر کام مکمل کر لیا جائے گا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ تمام صوبے اور متعلقہ ادارے ملک میں سیلابی صورتحال اور حالیہ بارشوں کو پیش نظر نقصانات کا تفصیلی تخمینہ لگائیں تاکہ بحالی کے لیے واضح اور موثر لائحہ عمل اختیار کیا جا سکے۔ ادھر، وفاقی وزیر احسن اقبال کا کہنا ہے کہ سیلاب کے نقصانات کا تفصیلی جائزہ اور ابتدائی تخمینہ دس روز میں مکمل ہوگا۔ وزیراعظم کو سیلاب سے ہونے والے نقصان کا تخمینہ ضرور لگوانا چاہیے لیکن ریلیف کے سلسلے کو تخمینے سے مشروط ہرگز نہیں کیا جانا چاہیے کیونکہ سیلاب سے متاثر ہونے والے افراد قابلِ رحم حالت میں ہیں اور انھیں اس موقع پر بے یار و مددگار نہیں چھوڑا جا سکتا۔ حکومت اس سلسلے میں پہلے بھی ریلیف سرگرمیوں میں مصروف ہے لیکن اس سلسلے میں تیزی اور جامعیت پیدا کرنے کی ضرورت ہے تاکہ تمام متاثرہ علاقوں میں موجود لوگوں تک امدادی سامان کی فراہمی کو ممکن بنایا جا سکے۔ سیلاب سے متاثرہ افراد اپنے گھروں اور پیاروں کے کھو جانے کے غم سے پہلے ہی نڈھال ہیں ایسے موقع پر انھیں سرکاری کارروائیوں میں الجھانے کی بجائے ان کی حالت بہتر بنانے پر توجہ دی جائے۔ اعداد و شمار کی جمع آوری اور تخمینہ لگانے کا کام ساتھ ساتھ جاری رکھیں اور جب یہ کام مکمل ہو جائے تو قومی اور بین الاقوامی سطح پر اس بارے میں بتایا جائے تاکہ ملک کے اندر اور باہر لوگوں کو اس بات کا اندازہ ہو سکے کہ موسمیاتی تبدیلیاں پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک کے کیسے بھیانک نتائج کی حامل ہیں۔

تحریر: سید وزہت ایوب کاظمی
شہر: اسلام آباد

ہم "بندوں" میں انسانیت کا معیار مجھوں کے ساتھ میں ڈھال کر تولتے ہیں۔ ہمیں جس سے محبت ہوگی وہی اعلیٰ ظرف، خوددار ہوگا۔

نیک صفت اعلیٰ طبیعت کا مالک ہوگا۔ اس کی خوبیاں ساتویں آسمان کو چھوتی نظر آئیں گی۔ خامیوں کا تو اس میں نام و نشان تک نہ ہوگا۔ وہ جیسا بھی ہوگا، بائیز کی اس کے گرد طواف کرتی دکھائی دے گی۔

ہم اس کی خاطر نہ اسے بخر جائیں گے، کہ ایک ہی چاہے، وہی اچھا ہے۔

نا جانے یہ کب تک چلتا رہے گا، کہ جس کا وقت عمل ہونے لگی قدرت کسہار ریزہ ریزہ کر کے چلا دے گی،

یا شاید دنیا مٹانے لگی۔ اپنے بندوں کو چھوٹے بڑے عذابوں سے آزمانے لگی، کہیں طوفان، سونامی، زلزلے، جنگلوں کو جلا نے لگی۔

سائنسی ریسرچ کے مطابق اب جو سیاہ چھینٹوں کا سلسلہ چل پڑا ہے زمین کے مٹنے تک چلتا رہے گا۔

"بادِ مخالف سے نہ گھبرا"

اے میرے محترم باادب قاری سوچنے! اگر کی بات تو یہ ہے کہ کہیں زندگی دفنہ، قیامت کے دائرے میں قدم داخل ہیں ہو چکا۔

تو پریشان نہ ہو، قیامت تب تک نہ آئے گی جب تک ظہورِ امام مہدیٰ علیہ السلام نہ ہو جائے اور آپ علیہ السلام، اسلام کا پرچم پوری دنیا پر نہ لہرا دیں۔

محترم قاری! پاکستان میں حالیہ سیلاب کی تباہ کاریوں کا اثر وقت کے دھارے کے ساتھ ایک طویل مدت تک چلنے والا ہے۔

سیلاب کی ہلاکتوں سے لے کر اب تک پاکستان کی تھوڑی مثبتیری داد و تحسین کے قابل ہے مگر پنجاب اور سندھ کی حکومت نے جس طرح اس کڑے وقت میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کیا، سلام کی حقدار ہے۔

اس میں ان کی انتظامی محنت نظر انداز کئے جانے کے قابل نہیں۔

یہاں وزیرِ اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کی کاوشوں کے لئے ایک شعر عرض کرتی چلوں

تو بادِ مخالف سے دیگر الاپ عقاب
یونہ تو آتشی سے تجھے اونچا اڑانے کے لئے

محترم قاری!

ان سیلابوں کے بارے میں تو کیفے والے یہاں تک کہتے ہے گئے کہ آنکھ سال اس سے بھی زیادہ بارشوں، سیلابوں کے خدشات ہیں۔

پاکستان کی مشہور اسٹرالوجر ساعہ خان کا کہنا ہے کہ "اب زمین کا وقت پورا ہو چکا، اپنا پریا مستقول

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

مسجد نبوی ﷺ کی فضاؤں میں بھیگی ہوئی درود و سلام کی مقدس گونج کیف سرور کی لذتیں بکھیر رہی تھیں۔ عاشقانِ رسول ﷺ کے چہروں پر عقیدت و احترام کے سنگھرون چاند روشن تھے۔ پوری دنیا سے آئے ہوئے پروانوں کی درود و سلام کی صداؤں سے مسجد نبوی ﷺ کا کونہ کونہ گونج رہا تھا۔ پوری دنیا سے آئے ہوئے عاشقانِ رسول پیغمبر اسلام ﷺ کے جانثار عقیدت کیشوں کے جلوں کے صف میں بہت نمایاں ہوتے ہیں یہ لوگ شہنشاہِ مدینہ ﷺ کی برکت کو زندہ کرنے کے لیے اپنے عشق کے ساتھ ساتھ شان و قدت سے بھی بھی کرتے ہیں۔ سرور دو عالم سے محبت کا یہ عالم کہ اپنی ایک ایک سانس کو مزاج نبوت کے مطابق کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ایسے ہی عاشقانِ رسول ﷺ ابوالہادی کے نام قیامت تک امر ہو جاتے ہیں کہاں کیسے وہ خاندانِ کھران آج زیرِ زمین مشرات الارض کی ہڈیوں میں سوراخ کر چکے ہوتے۔ کیڑے مکوڑے ان کی ہڈیوں کو بھی کھا چکے ہوتے۔ ان کے مقدمے آج ابابیلوں کے سنگین بیں۔ کوئی فاتحہ خوانی نہیں کوئی چراغ روشن نہیں آج ان خالموں پر کیا ملامتِ الٰہی اور بے بسی ہے۔ روز و شب کے بھنگے اسی طرح جاری رہیں گے زمین اسی طرح اپنے محور پر گھومتی رہے گی۔ لیکن قیامت تک روزانہ کروڑوں عاشقانِ رسول ﷺ پر عقیدت کی پھول نچھاور کرتی رہے گی ہر نئے دن کے ساتھ ہی اس کی تعداد اور عشق و احترام میں اضافہ ہوتا رہے گا۔ چودہ صدیوں سے عاشقانِ رسول ﷺ کا یہ قافلہ عقیدت و احترام اور درود و سلام کی صداں کے ساتھ رواں دواں ہے اور قیامت تک جاری و ساری رہے گا۔ چودہ صدیوں کے عشق کے ساتھ ہی ایک خیال بڑی زور کی طرح آ کر ہمارے دل و دماغ کو بلا کر چلا گیا۔ سرورِ کونین ﷺ کی حیات مبارکہ کے آخری دن۔ جب وقت پختگی کا کام پورا ہو گیا جب ایک نبی اسلامی معاشرے کی تعمیر و تشکیل مکمل میں آ چکی آپ کو یقینی ہاتف آپ ﷺ کے دل و دماغ کو یہ احساس دلا رہا تھا کہ دنیا میں آپ ﷺ کا قیام کا زمانہ اختتام کی طرف بڑھ رہا ہے جب آپ نے حضرت معاذ بن جبل کو یمن کا گورنر بنا کر روانہ کیا تو رخصت کے وقت آپ ﷺ نے فرمایا اے معاذ! شاید تم مجھ سے میرے اس سال کے بعد نہ مل سکو بلکہ شاید تم میری اس مسجد کے پاس سے گزرو گے تو حضرت معاذ یہ سن کر شاید بھوکی ہوائی کے غم میں رونے لگے پھر جب الوداع کے موقع پر ایک لاکھ چوالیس ہزار انسانوں کے خلاصیں مارتے ہوئے سمندر کے سامنے آپ ﷺ نے تاریخی جامع خطبہ ارشاد فرمایا اے لوگوں میری بات سنو کیونکہ میں نہیں جانتا شاید اس سال کے بعد اس مقام پر تم سے کبھی مل سکوں گا۔ اور میں تم میں ایسی چیز چھوڑ رہا ہوں جو اگر تم نے اسے مضبوطی سے پکڑے رکھا تو اس کے بعد ہرگز گمراہ نہ ہو گے اور وہ ہے اللہ کی کتاب لوگوں یاد رکھو میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے اور تمھارے بعد کوئی امت نہیں لہذا اپنے رب کی عبادت کرنا پانچ وقت کی نماز پڑھنا رمضان کے روزے رکھنا۔ خوشی سے اپنے مال کی زکوٰۃ دینا۔ اللہ کے گھر کا حج کرنا اور اپنے حکمرانوں کی اطاعت کرنا ایسا کرو گے تو اپنے رب کی جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔ (اور تم سے میرے متعلق پوچھا جائے گا) اور تم کو بتانا ہوگا کہ میں نے تمہیں پہنچا دیا اور تم نے اس کی شہادت دیتے ہیں کہ آپ ﷺ نے تبلیغ کا حق ادا کر دیا ہے آپ ﷺ نے اس کے بعد ہی حج کر کے حج کے موقع پر آپ ﷺ نے فرمایا جو حج کے اعمال کو کوئی شاید ہی کے بعد میں حج کر سکوں پھر امام تشریق کے وسط میں سورہ فرمانِ ہوئی اس کے بعد آپ ﷺ نے مجھے ایک کتاب دی پر والوں کو الوداع کہنے والے میں۔ رمضان المبارک میں آپ ﷺ نے میں 20 دن کا اعتکاف فرمایا جبکہ اسی سال میں 10 دن کا اعتکاف فرمایا کرتے تھے اس سال حضرت جبرائیل نے آپ ﷺ کو قرآن کا دور دو کرایا جبکہ ہر سال ایک ہی مرتبہ دور کرایا کرتے تھے اور آپ ﷺ نے اس سال کی عمر میں دو مرتبہ حج کیا اور اس کے موقع پر آپ ﷺ نے فرمایا مجھ سے حج کے اعمال کو کوئی شاید ہی کے بعد میں حج کر سکوں پھر امام تشریق کے وسط میں سورہ فرمانِ ہوئی اس کے بعد آپ ﷺ نے مجھے ایک کتاب دی پر والوں کو الوداع کہنے والے میں۔ رمضان المبارک میں آپ ﷺ نے میں 20 دن کا اعتکاف فرمایا جبکہ اسی سال میں 10 دن کا اعتکاف فرمایا کرتے تھے اس سال حضرت جبرائیل نے آپ ﷺ کو قرآن کا دور دو کرایا جبکہ ہر سال ایک ہی مرتبہ دور کرایا کرتے تھے اور آپ ﷺ نے اس کے بعد ہی حج کر کے حج

بقیہ 1

حال تک پکڑا جا سکے، اس پر ہم آج بھی کرب کا شکار ہیں۔ ان شاء اللہ! انہوں نے شرجیل کے بیان پر کوئی سوال نہیں کیا جو کیا۔ سندھ میں پچھلے سیلاب کی تباہ کاریوں کے نقاشات آج تک پانی میں ہلاکتیں بیرونی امداد بھی فراہم کی گئی تھی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے جو کردار ادا کیا وہ سب کے اور اس موقع پر ہماری فوج نے جو کردار ادا کیا وہ سب کے سامنے ہے اور خیبر پختونخوا کے سیلاب کے متاثرین کو بھی ہم نے کہا کہ آپ جتنی بھی بارشیں ہوں ہم آپ کے ساتھ ہیں، پنجاب کے سیلاب کے متاثرین کو بھی ہم نے کہا کہ ہم آپ کے ساتھ ہیں۔

سرگودھا ٹیٹ اینڈ نونتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری

کیٹرنگ ایسوسی ایشن کے

مہمانِ خصوصی سابق وفاقی وزیر مملکت و وزیر اعظم پاکستان کے معاون خصوصی چوہدری حامد حمید اور دختر سرگودھا رکن قومی اسمبلی محترمہ ام حامد حمید تھیں

تقریب میں ٹیٹ اینڈ کیٹرنگ ایسوسی ایشن کے عہدیداران وارا لیگین کے نمائندگان کی تعداد میں شرکت کی

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) سرگودھا ٹیٹ اینڈ کیٹرنگ ایسوسی ایشن کے نونتخب عہدیداران کی حلف برداری کی پروقار تقریب آرٹس کونسل سرگودھا میں منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی سابق وفاقی وزیر مملکت و وزیر اعظم پاکستان کے معاون خصوصی چوہدری حامد حمید اور دختر سرگودھا رکن قومی اسمبلی محترمہ ام حامد حمید تھیں۔ تقریب میں ٹیٹ اینڈ کیٹرنگ ایسوسی ایشن کے عہدیداران وارا لیگین سمیت قلاورایند ڈکوریشن ایسوسی ایشن کے نمائندگان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ مہمانِ خصوصی کی آمد پر پتاسے اور دالہاند (بقیہ نمبر 2)

سرگودھا ٹیٹ اینڈ کیٹرنگ ایسوسی ایشن کے نونتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری کے موقع پر شیلڈ تقسیم کی جارہی ہیں

اگست میں پاکستان میں بننے والی بجلی کی قیمت میں 6 فیصد کی کمی

مالی سال 25 کے دو مہینوں میں بجلی کی فی یونٹ قیمت 8 روپے 30 پیسے تھی

کراچی (این این آئی) اگست کے مہینے میں پاکستان میں بننے والی بجلی کی قیمت میں 6 فیصد کمی کی ہوئی ہے۔ مالی سال 25 کے دو مہینوں میں بجلی کی فی یونٹ قیمت 8 روپے 30 پیسے تھی، رواں مالی سال کے دو مہینوں میں یہ قیمت کم ہو کر 7 روپے (بقیہ نمبر 2)

چمن سرحد کے قریب پارسل بم دھماکا، پانچ افراد جاں بحق

پارڈر فیکٹری اسٹینڈ پر مسافروں کے سامان میں بم رکھا گیا تھا، تین زخمی ہسپتال میں زیر علاج

چمن (این این آئی) بلوچستان کے علاقے چمن میں پاک افغان سرحد کے قریب فیکٹری اسٹینڈ میں دھماکے سے پانچ افراد جاں بحق ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق چمن میں پارڈر فیکٹری اسٹینڈ پر دو راز دھماکا ہوا جس میں 8 افراد زخمی

راولپنڈی کینٹ بورڈ کا تجاوزات کے خلاف آپریشن

آپریشن کے دوران 22 نمبر چنگ بھالہ، ڈھوک سیداں، مصریال کالونی، مصریال روڈ، رنج روڈ، آلہ آباد، پٹھار روڈ، تجاوزات کیخلاف کارروائی کی گئی

کینٹ بورڈ انفورسمنٹ حکام کے مطابق شہریوں کی شکایات اور ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کے باعث یہ آپریشن کیا گیا

راولپنڈی (عمیدالرحمان ۔) راولپنڈی کینٹونمنٹ بورڈ شہر تجاوزات کیخلاف تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے عناصر علاقوں میں بڑے پیمانے پر آپریشن کیا۔ آپریشن کے دوران 22 نمبر چنگ بھالہ، ڈھوک سیداں، مصریال کالونی، مصریال روڈ، رنج روڈ، آلہ آباد، پٹھار روڈ، نصیر آباد، ومنٹرنج اور حافظ آباد میں غیر قانونی تجاوزات کیخلاف کارروائی کی گئی۔ کینٹ بورڈ انفورسمنٹ حکام کے مطابق شہریوں کی شکایات اور ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کے باعث یہ آپریشن کیا گیا۔ اس دوران نشٹ پاتھوں اور سڑکوں پر قائم غیر (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی: کینٹونمنٹ بورڈ شہر تجاوزات کا عملہ تجاوزات کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے

ٹیکس وصولی ہدف میں 500 ارب روپے کی کمی کے امکانات پر غور

متاثرہ علاقوں کی بحالی و تعمیر نو کیلئے وسائل اکٹھے کرنے کی خاطر ایک فنڈ لیوی لگایا جائے

اسلام آباد (این این آئی) پی آئی اے بھاری ڈیوٹی لاگو کرنے کے بعد حکام نے ایف بی آر ٹیکس وصولی ہدف میں 500 ارب روپے کی کمی کے امکانات پر غور شروع کر دیا۔ ذرائع کے مطابق امکان ہے کہ ایف بی آر کے سالانہ ٹیکس وصولی کے ہدف 141.3 کھرب روپے سے کم کر کے 137 کھرب یا 139 کھرب روپے تک لایا جائے جس میں مجوزہ ٹیکسز کا اکثاک فریم ورک میں تبدیلیوں کو مدنظر رکھا جائے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک اور تجویز یہ بھی زیر غور ہے کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی و تعمیر نو کے لیے وسائل (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی، کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر 2 افراد کو حراست میں لے لیا گیا

کنٹونمنٹ بورڈ شہر تجاوزات کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے عناصر کے خلاف مہم جاری

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے سرچ آپریشن کے دوران کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر 2 افراد کو حراست میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 2)

جہلم روڈ سرکل مائر، تیز رفتار بائی ایس بھینس سے ٹکرا گئی، 18 افراد زخمی

چکوال (این این آئی) جہلم روڈ سرکل مائر کے قریب تیز رفتار بائی ایس بھینس سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں 18 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو 1122 کے کنٹرول روم میں اطلاع ملی کہ جہلم روڈ پر سرکل مائر کے قریب ایک تیز رفتار بائی ایس اچانک روڈ پر آنے والی بھینس سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں متعدد مسافر زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 نے ایمبولینسز موقع پر روانہ کیں، بروقت ریسکیو کرتے ہوئے سٹین اسٹیشن کے بعد ریسکیو آپریشن شروع کر دیا گیا۔ حادثے میں مجروحی (بقیہ نمبر 3)

بہاولنگر، 3 افراد گندے پانی کے کنویں میں ڈوب کر جاں بحق

پولیس کے مطابق جاں بحق افراد میں لیاقت علی، محمد زبیر اور شمیل احمد شامل ہیں

بہاولنگر (این این آئی) بہاولنگر کے چک نمبر 441 سکس آر کے قریب 3 افراد گندے پانی کے کنویں میں ڈوب گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق ڈوبنے والے تینوں افراد جاں بحق ہو گئے ہیں۔ پولیس کے مطابق جاں بحق افراد میں لیاقت علی، محمد زبیر اور شمیل احمد شامل ہیں۔

گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول کوٹریلہ کے طالبعلم اویس علی کا اعزاز

انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو کے امتحان میں آرٹس گروپ راولپنڈی بورڈ میں دوسری پوزیشن حاصل کر کے والدین، سکول اور علاقے کا نام روشن کیا

راولپنڈی میں تعلیم انعامات کی تقریب میں ایجوکیشن حکام اور سیاسی شخصیات نے اویس علی کو سند، پندرہ ہزار کا چیک اور میڈل دیا

گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول کوٹریلہ کے طالبعلم اویس علی نے مزید ترقی کرنے کیساتھ انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو کے امتحان میں راولپنڈی بورڈ میں دوسری پوزیشن حاصل کر کے علاقے کا سر فخر سے بلند کیا

گوجرخان (تھرشیلا) تاریخی شہیدوں کی دھرتی تحصیل گوجرخان کے نواحی علاقے کوٹریلہ کے سپوت اویس علی وقار فرحت عباس نے انٹرمیڈیٹ پارٹ ٹو کے امتحان میں آرٹس گروپ راولپنڈی بورڈ میں دوسری پوزیشن حاصل کر کے اپنے علاقے کی مشہور قدیمی درسگاہ گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول کوٹریلہ، والدین سمیت علاقے کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ راولپنڈی بورڈ میں پوزیشن ہولڈر طالب علموں میں تقسیم انعامات کے حوالے سے راولپنڈی ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے زیر (بقیہ نمبر 4)

ٹیکسلا پولیس کی کارروائی، شہری کے قتل کا معمہ حل، 2 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) ٹیکسلا پولیس نے شہری کے قتل کا معمہ حل کر لیا۔ ذرائع کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا جنکی شناخت کی جا رہی ہے۔ ملزمان کے قبضہ سے 1 کلو 480 گرام چرس برآمد کی، ذیشان ٹاؤن پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 1 کلو 480 گرام چرس برآمد کی، سول لائن پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کر 1 کلو 100 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ سی پی او سید خالد ہمدانی کے کہنا منشیات کے ماسوم کے خاتمے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

ملکی و غیر ملکی سفارتکاروں کی حفاظت کیلئے انتظامات مزید سخت

پولیس یونیفارم پر گلے کیمروں اور سیف سٹی کیمروں سے نگرانی کی جانے لگی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں موجود ملکی و غیر ملکی سفارتکاروں اور اہلکاروں کی حفاظت کیلئے انتظامات مزید سخت کر دیئے گئے، پولیس یونیفارم پر گلے کیمروں اور سیف سٹی کیمروں سے نگرانی کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق ایس ایس پی سکیورٹی کیپٹن (ریٹائرڈ) (بقیہ نمبر 6)

اسرائیلی فوج کی بمباری سے مسجد اور رہائشی عمارتیں تباہ، 83 فلسطینی شہید

غزہ شہر میں بمباری سے مسجد سمیت متعدد رہائشی عمارتیں تباہ ہوگئیں

غزہ (این این آئی) صیہونی فوج نے نازہ حملوں میں غزہ کے الشفا اسپتال کے قریب حملہ کر کے 19 فلسطینیوں کو شہید کر دیا۔ اسرائیلی فوج نے ان اہل اسپتال کے قریب بھی بمباری کی جہاں 4 فلسطینیوں نے جام شہادت نوش کیا۔ غزہ شہر میں بمباری سے مسجد سمیت متعدد رہائشی عمارتیں تباہ ہوگئیں۔ ایک روز میں 83 فلسطینی اسرائیلی فوج کی دہشتگردی کا نشانہ (بقیہ نمبر 7)

ریاض: نائب گورنر جمیل بن عبدالرحمن بن عبدالعزیز بیئرز پورٹ پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف کو رخصت کر رہے ہیں

تعلیمی میدان میں اصلاحات وزیر اعلیٰ کی ترجیحات ہیں، وزیر ریلوے

ملکی دفاع ناقابل تسخیر، ہماری بہادر فوج نے دشمن کو بدترین شکست دی، پاک سعودیہ معاہدہ اہم سنگ میل ہے

سٹراٹیجک محاذ پر کامیابی کا کریڈٹ وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کو جاتا ہے، حنیف عباسی کا خطاب

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدہ کا خیر مقدم

راولپنڈی (لیفل نمبر 5) ہم ٹی وی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ تعلیمی میدان میں اصلاحات وزیر اعلیٰ پنجاب کی ترجیحات ہیں، میرٹ اور شفافیت کا کریڈٹ وزیر اعلیٰ پنجاب کو جاتا ہے، اللہ کا شکر ہے کہ حرمین کی حفاظت کی ذمہ داری پاکستان کو ملی جو بہت بڑا اعزاز ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے وزیر اعظم محمد شہباز شریف، شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد محمد بن سلمان کو مبارکباد دی ہے۔ جمہوریت کو اپنے ایک تحقیقی بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستانی دفاعی معاہدہ کے بارے میں اطلاعات تھیں اور ان پر غور بھی کیا جا رہا تھا۔ بھارتی وزارت خارجہ نے یہ بیان پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان طے پانے والے اہم سٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے پر ردعمل دیتے ہوئے جاری کیا ہے کہ معاہدے (بقیہ نمبر 8)

پاکستان اور سعودیہ دفاعی معاہدے پر بھارت تشویش کا شکار

دفاعی معاہدے کے بارے میں اطلاعات تھیں اور ان پر غور بھی کیا جا رہا تھا، بھارت

نئی دہلی (ٹائمز ٹیک ۔) پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان ہوئے والے سٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے پر بھارت تشویش کا شکار، ریکل بھی سامنے آ گیا ہے۔ بھارت نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان بڑھتے ہوئے تعلقات اور اس پیش رفت (وفاقی (بقیہ نمبر 8)

ہتھیاروں سے متعلق ہماری قابلیت پوری دنیا نے دیکھی

پاکستان، سعودی عرب اکٹھے ہو گئے تو یہ دو لڈو پیر پاور تصور ہوں گے، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (این این آئی) مشیر وزیر اعظم رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب اکٹھے ہو گئے تو یہ دو لڈو پیر پاور تصور ہوں گے، ہتھیاروں سے متعلق ہماری قابلیت پوری دنیا نے دیکھی، پاکستان کی جوہری طاقت پر کوئی شک نہیں کیا جا سکتا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب میں ایک تاریخی معاہدہ ہوا ہے، معاہدہ عالم اسلام کا سٹیکرز سال کا خاص تھا، یہ صرف ایک معاہدہ نہیں (بقیہ نمبر 9)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پیاسر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

لاہور: وزیر صنعت و تجارت پنجاب چوہدری شالع حسین سے پاکستان فرنچر ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پبلک ہیلتھ کی مجرمانہ غفلت، شہری بنیادی سہولیات سے محروم

ڈسپوزل پمپ چالو نہ ہونے کے باعث گٹروں کا گندا پانی گلیوں میں بہہ رہا ہے

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: پبلک ہیلتھ کی مجرمانہ غفلت، شہری پانی و نکاسی آب جیسی بنیادی سہولیات سے محروم، ضلع کشمور کندھ کوٹ شہر کی سڑکیں بدترین صورتحال کا شکار، گزشتہ ڈیڑھ ماہ سے سڑکوں پر صرف چتر نالی اور لاپرواہی کے باعث شہریوں کی زندگی اجیرن بن چکی ہے۔ شہری بیشتر اذیت میں مبتلا ہیں، جبکہ ڈسپوزل پمپ چالو نہ ہونے کے باعث گٹروں کا گندا پانی (بقیہ نمبر 3)

سڑکوں کا رکارپٹ نہ ہونے کے باعث عوام دھول کے عذاب میں مبتلا

شہریوں کا فوری اقدام کا مطالبہ کندھ کوٹ شہر کی سڑکیں بدترین صورتحال کا شکار

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: سڑکوں کا رکارپٹ نہ ہونے کے باعث عوام دھول کے عذاب میں مبتلا، شہریوں کا فوری اقدام کا مطالبہ، کندھ کوٹ شہر کی سڑکیں بدترین صورتحال کا شکار، گزشتہ ڈیڑھ ماہ سے سڑکوں پر صرف چتر مٹی کا کام کیا گیا، سڑکوں پر مسلسل دھول اڑ رہی ہے، جس سے شہریوں کو شدید پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے، شہری مختلف بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں، بچے اور بوڑھے دھول مٹی کا شکار ہو رہے ہیں، جبکہ گلیوں اور اہم شاہراہوں (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی: لیاقت باغ کے علاقے میں امداد سبھی ڈیٹیکشن کی جارہی ہے۔

دریائے سندھ پر گھوٹکی کندھ کوٹ پل پر کام دوبارہ شروع کرنے کا حکم

دریائے سندھ میں سیلابی صورتحال کے باعث پل کی تعمیر معطل ہوئی تھی

پرانے منصوبے کا خود دورہ کروں گا، ڈیڑھ سال میں تعمیر مکمل کی جائے، وزیر اعلیٰ سندھ

کشمور (سید رشید احمد شاہ) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے دریائے سندھ پر گھوٹکی کندھ کوٹ پل منصوبے کی پیش رفت کے حوالے سے اعلیٰ سطح کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے سیلاب اور دیگر مسائل کے باعث معطل ہونے والے کام کو دوبارہ شروع کرنے کے احکامات دیئے انہوں نے کہا کہ میں خود ہر ہفتے ذاتی طور پر پل کے مقام کا دورہ کروں گا اور پرانے منصوبے کی پیش رفت کا مسلسل جائزہ لینے کا پابند ہوں گا تاکہ یہ منصوبہ ڈیڑھ سال کے اندر مکمل ہو سکے یہ اجلاس جمعرات کو وزیر اعلیٰ ہاؤس میں منعقد ہوا جس میں صوبائی وزراء فیاض الحسن چوہان اور حاجی علی محمد زرداری، وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی سید قاسم علی شاہ، چیف سیکرٹری آصف حیدر شاہ، انسپکٹر جنرل پولیس غلام نبی میمن، سیکرٹری داخلہ اقبال میمن، وزیر اعلیٰ کے (بقیہ نمبر 5)

کندھ کوٹ، سبزی منڈی کے قریب فائرنگ اور ڈکیتی، رضا محمد زخمی

ملزموں کو جلد از جلد گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، حکام سے مطالبہ

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: سبزی منڈی کے قریب فائرنگ اور ڈکیتی، رضا محمد کو شدید زخمی، ملزمان فائرنگ کر کے فرار ہو گئے، ڈکیتی کے بعد موقع سے فرار تھیلیات کے مطابق رضا محمد کو سبزی منڈی کے قریب کسی کام کے سلسلے میں موجود تھا کہ اسی دوران موٹر سائیکل پر سوار مسلح افراد نے اسے (بقیہ نمبر 6)

لاہور: سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال سپورٹس کے اہم امور پر پنجاب اسٹیڈیم میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایس ایس پی انوسٹی گیشن رضا تنویر سپرا کی کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی انوسٹیگیشن رضا تنویر سپرا نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی انوسٹیگیشن رضا تنویر سپرا نے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر کام کیا جائے گا۔ جائم فریم کے اندر قانونی کارروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل کے فوری حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، خلاف ورزی کرنے والے افسران کو سخت سزا دی جائے گی۔ ایس ایس پی انوسٹیگیشن رضا تنویر سپرا کی کھلی کچہری کا منظر

ایس ایس پی انوسٹی گیشن رضا تنویر سپرا ایس ڈی پی او فیاض خان میں میٹنگ کر رہے ہوئے

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے والے 9 افراد گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 9 افراد گرفتار کر لیے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے (بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی، 4 افراد گرفتار، 35 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 4 افراد گرفتار کر کے 35 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق سول لائن پولیس نے ایک فرد کو حراست میں لے کے 10 لیٹر شراب برآمد کی ہے۔ پی ایچ (بقیہ نمبر 2)

وزیر اعلیٰ پنجاب کی سرگودھا آمد کے سلسلے میں استقبال کی تیاریاں

سرگودھا کے 2 ڈویژنل صدر چوہدری شاہنواز رانجھا، سابق وفاقی وزیر مملکت و وزیر اعظم پاکستان کے معاون خصوصی چوہدری حامد حمید نے

سینئر رہنماؤں اور خواتین ونگ کی سینئر قیادت کے ساتھ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے سرگودھا آمد کے سلسلے میں اہم مشاورتی اجلاس منعقد کیا

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) مسلم لیگ (ن) سرگودھا کے 2 ڈویژنل صدر چوہدری شاہنواز رانجھا، سابق وفاقی وزیر مملکت و وزیر اعظم پاکستان کے معاون خصوصی چوہدری حامد حمید اور دختر سرگودھا رکن قومی اسمبلی محترمہ ام حامد حمید نے مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنماؤں اور خواتین ونگ کی سینئر قیادت کے ساتھ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے سرگودھا آمد کے سلسلے میں اہم مشاورتی اجلاس منعقد کیا۔

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے سرگودھا آمد کے سلسلے میں منعقدہ مشاورتی اجلاس میں مسلم لیگ (ن) سرگودھا کے 2 ڈویژنل صدر چوہدری شاہنواز رانجھا، سابق وفاقی وزیر مملکت و وزیر اعظم پاکستان کے معاون خصوصی چوہدری حامد حمید اور دختر سرگودھا رکن قومی اسمبلی محترمہ ام حامد حمید شریک ہیں

یوٹیلیٹی کمپنیاں سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں، وزیر خزانہ

تیل، گیس، معدنیات، آئی ٹی، زراعت، توانائی، مالیات اور ہوابازی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے بھرپور مواقع موجود ہیں

حکومت ادارہ جاتی ڈھانچے میں اصلاحات کے حوالہ سے اقدامات کر رہی ہے، محمد اورنگزیب کی یوٹیلیٹی کمپنیوں کے سٹیئر کے گفتگو

اسلام آباد (روبینہ لیصل ۔) وفاقی وزیر خزانہ و اقتصادی امور محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت ٹیکس، توانائی، سرکاری اداروں میں بہتری، پبلک فنانس اور ادارہ جاتی ڈھانچے میں اصلاحات کے حوالہ سے اقدامات کر رہی ہے، تجارتی کے عمل میں تیزی لائی جا رہی ہے، یوٹیلیٹی کمپنیاں پاکستان میں تیل و گیس، معدنیات، آئی ٹی، زراعت، توانائی، مالیات اور ہوابازی کے شعبوں میں تجارتی (بقیہ نمبر 5)

سرالیوں کے مبینہ تشدد سے 7 ماہ کا حاملہ خاتون جاں بحق

پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے تھانہ کھنڈی کی حدود میں سسرالیوں کے مبینہ تشدد سے 7 ماہ کی حاملہ خاتون جاں بحق ہوگئی، پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق وفاقی دارالحکومت کے

جسٹس محسن اختر کیانی نے بلدیاتی انتخابات نہ ہونے پر سوال اٹھا دیا

مجھے پاکستان کا کوئی ایک ادارہ بتائیں جو اپنا کام پینڈل کرنے کے قابل ہو، ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) جسٹس محسن اختر کیانی نے اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات نہ ہونے پر سوال اٹھا دیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد ہائی کورٹ میں سی ڈی اے سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات نہ ہونے کا تذکرہ ہوا۔ عدالت عالیہ کے جسٹس محسن اختر کیانی نے کیس کے دوران ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ قانون کے مطابق تمام اختیارات سی ڈی اے سے ایم سی آئی کو منتقل (بقیہ نمبر 7)

سیلاب زدہ علاقوں کے طلبہ کو فیسوں میں ریلیف دینے کا فیصلہ

متاثرہ طلبہ کو تعلیم جاری رکھنے کیلئے حکومت ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی، زاہنا سکندر حیات

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم زاہنا سکندر حیات نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے طلبہ کیلئے فیسوں میں ریلیف کا فیصلہ خوش آئند ہے۔ ان طلبہ کی رجسٹریشن اور سہولتیں معافی کیلئے جو پیرٹ وزیر اعلیٰ پنجاب کی منظوری کے بعد ریکسٹ آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔ اس اقدام سے سیلاب متاثرہ خاندانوں (بقیہ نمبر 8)

پنجاب حکومت کا عارضی بنیاد پر طبی ماہرین بھرتی کرنے کا فیصلہ

پنجاب لوکم ہائیرنگ ایکٹ 2025 ، پنجاب اسمبلی میں پیش، متعلقہ کمیٹی کے حوالے، دو ماہ میں رپورٹ پیش کر یگی

عارضی بنیادوں پر بھرتی ہونے والے مستقل نوکری کی استدعا نہیں کر سکیں گے، صوبائی وزیر سیشلائزڈ ہیلتھ کیئر

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے عارضی بنیادوں پر طبی ماہرین بھرتی کرنے کا فیصلہ کیا ہے ، پنجاب لوکم ہائیرنگ ایکٹ 2025 ، پنجاب اسمبلی میں پیش کر دیا گیا۔ طبی حالیہ اجلاس میں چیئرپرسن، سیکرٹری پنجاب ہیلتھ کیئر، ڈاکٹر حفظہ تبشیٰ کے حوالے، تبشیٰ دو ماہ میں رپورٹ پیش کر یگی، بل کے تحت لوکم پالیسی تبشیٰ بنائی جائے گی، صوبائی وزیر سیشلائزڈ ہیلتھ کیئر پیش کیا گیا، پنجاب لوکم ہائیرنگ ایکٹ 2025 ، پنجاب پبلک ہیلتھ کیئر، پنجاب کلیمنٹ کے ماہرین، ڈیپوٹیشن، رسوں لوکم پالیسی تبشیٰ کے ماہرین کے حوالے، 3 فیلڈ کے ماہرین ڈیپوٹیشن پر بھرتی کر سکیں گے، بل کے تحت لوکم پالیسی تبشیٰ بنائی جائے گی کمی کی کمی کی شناوری (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی، شہری کو قتل اور ڈکیتی کرنیوالے دو ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) کرنل امرال پولیس نے ایک شہری کو قتل اور دو ڈکیتی کرنے والے دو ملزمان گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 6 روز قبل فائرنگ کر کے ایک شہری کو قتل اور دو ڈکیتی کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان نے مصنوعی طمنچے کا سہارا لیکر شہریوں کو قتل اور ڈکیتی کیا تھا۔ رتہ امرال پولیس نے پیوٹی اسٹیل مل میں سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کیا، برآمد حراست افراد کے دیگر ساتھیوں کو (بقیہ نمبر 2)

لاہور موٹر سائیکل سوار شہری بارش کے دوران چھتری تانے اپنی منزل کی جانب گامزن ہیں۔

گوجرخان، گرفتار پیر محمود احمد قادری کو اڈیالہ جیل بھیجنے کا حکم

گوجرخان (این این آئی) گوجرخان کے نواحی گاؤں موہڑہ بھگتے کے رہائشی پیر محمود احمد قادری کو عدالت نے توہین سامات کے مقدمے میں گرفتار کر کے اڈیالہ جیل بھیجنے کا حکم دے دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، تھانہ گوجرخان میں مقدمہ نمبر 1029 تحت دفعہ A-295 اور 298 ب پ درج ہوا تھا۔ ملزم کے خلاف مدعی سید مزمل شاہ نے جن (بقیہ نمبر 9)

جہلم روڈ سرکل مائر، تیز رفتار بائی ایس بھینس سے ٹکرا گئی، 18 افراد زخمی

چکوال (این این آئی) جہلم روڈ سرکل مائر کے قریب تیز رفتار بائی ایس بھینس سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں 18 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو 1122 کے کنٹرول روم میں اطلاع ملی کہ جہلم روڈ پر سرکل مائر کے قریب ایک تیز رفتار بائی ایس اچانک روڈ پر آنے والی بھینس سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں متعدد مسافر زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 نے ایمبولینسز موقع پر روانہ کیں، بروقت ریسکیو کرتے ہوئے سٹین اسٹیشن کے بعد ریسکیو آپریشن شروع کر دیا گیا۔ حادثے میں مجروحی (بقیہ نمبر 3)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035